AQF / Shabbir

02-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ جب تک سرحد پر کشیدگی برقرار ہے، اُس وقت تک پاکستان کے ساتھ تجارت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔
2. BJP کے اعلیٰ رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج اتراکھنڈ اور راجستھان میں انتخابی ریلیاں کریں گے۔
3. بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے فوجداری سے متعلق عدالتی نظام میں تبدیلی کیلئے ٹیکنالوجی کے رول کی اہمیت پر زور دیا ہے۔
4. بھارت میں 2023-24 کے مالی سال میں کوئلے اور لگنائٹ کی پیداوار ایک اَرب ٹن سے زیادہ رہی، جو اب تک کی سب سے زیادہ پیداوار ہے۔
5. اور IPL کرکٹ میں : ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے ممبئی انڈینس کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

JAISHANKAR-SURAT

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ جب تک سرحد پر کشیدگی برقرار ہے، پاکستان کے ساتھ تجارت کا کوئی امکان نہیں ہے۔ جناب جے شنکر کل سورت میں جنوبی گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام ''بھارت اکنامکس رائزنگ'' کے موضوع پر ایک کارپوریٹ کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کسی بھی شکل میں برداشت نہیں کی جائے گی۔ اروناچل پردیش پر چین کے دعوے پر طنز کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ اروناچل پردیش بھارت کی ریاست ہے اور ہمیشہ بھارت کی ریاست رہے گی اور نام بدلنے سے اس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اقتصادی محاذ پر چین کو مات دینے کیلئے بھارت کو مینوفیکچرنگ پر توجہ دینی ہوگی۔×

**RIJIJU-CHINA**

مرکزی وزیر کرن Rijiju نے اروناچل پردیش کے اندر، 30 مقامات کے نام تبدیل کیے جانے پر چین کی مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب Rijiju نے کہا کہ چین بے بنیاد دعوے کر رہا ہے لیکن اس سے سچائی اور تاریخی حقائق نہیں بدلنے والے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اروناچل پردیش بھارت کا غیر منقسم حصہ ہے اور اروناچل پردیش کے عوام سبھی معیارات اور تعریفوں کے حساب سے محبّ وطن ہیں۔x

**PM-UTTARAKHAND**

BJP کے سرکردہ رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج اتراکھنڈ کے رُدرپور میں لوک سبھا انتخابات 2024 کیلئے اپنی پہلی چناوی ریلی کریں گے، جو نینی تال-اُدھم سنگھ نگر لوک سبھا حلقے کے تحت آتا ہے۔ BJP کے امیدوار اور وزیر مملکت اَجے بھٹ، اس سیٹ سے کانگریس امیدوار پرکاش جوشی کے خلاف چناؤ لڑ رہے ہیں۔

ریاست کی سبھی پانچ لوک سبھا سیٹوں کیلئے پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ریاست کے کُل 83 لاکھ 37 ہزار 914 ووٹر، پانچ لوک سبھا سیٹوں سے چناؤ لڑنے والے 55 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی راجستھان میں جے پور دیہات لوک سبھا حلقے کے تحت Kotputli میں بھی ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ جے پور دیہات لوک سبھا سیٹ سے پارٹی کے امیدوار راؤ راجندر سنگھ کی حمایت میں اس عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔ چناؤ کے اعلان کے بعد سے راجستھان میں لوک سبھا انتخابات کیلئے وزیراعظم کی یہ پہلی چناؤ ریلی ہوگی۔ راجستھان میں دو مرحلوں کے تحت 19 اور 26 اپریل کو انتخابات ہوں گے۔x

**AMIT SHAH VISIT**

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ آج کرناٹک کا ایک دن کا دورہ کر رہے ہیں۔ جناب شاہ صبح میں بینگلورو شکتی کیندر پارٹی ورکروں سے خطاب کریں گے اور بعد میں Chanapatna میں ایک روڈ شو کریں گے جو Banglore Rural Lok Sabha حلقے کا ایک حصہ ہے۔

BJP ریاستی جنرل سکریٹری اور انتخابات کے بندوبست سے متعلق کمیٹی کے کنوینر وی۔سنیل کمار نے بتایا ہے کہ امت شاہ پانچ لوک سبھا حلقوں سے پارٹی ورکروں سے خطاب کریں گے۔ پانچ حلقوں کے کور کمیٹی ممبروں کی میٹنگ بھی آج منعقد ہوگی۔ صدر ایچ ڈی کمارا سوامی امت شاہ کے ساتھ ایک میٹنگ کریں گے انھیں سیاسی صورتحال اور BJP اور JD (S) کے درمیان انتخابی مہم کے تال میل کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔x

**CONGRESS LIST**

کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کے لیے دو امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ ابھے کاشی ناتھ پاٹل Akola، مہاراشٹر سے جبکہ محترمہ Kadiyam Kavya وارنگل تلنگانہ سے چناؤ لڑیں گی۔x

**MP KEY CONSTITUENCY**

مدھیہ پردیش میں، چھندواڑہ لوک سبھا سیٹ BJP اور کانگریس دونوں ہی پارٹیوں کے لیے ایک باوقار سیٹ رہی ہے۔ 19 اپریل کو پہلے مرحلے میں اس سیٹ پر 16 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان 15 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Sanjeev Sharma

چھندواڑہ میں کُل 15 امیدوار اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔ کانگریس نے موجودہ ممبر پارلیمنٹ اور سابق وزیراعلیٰ کمل ناتھ کے بیٹے نکُل ناتھ کو میدان میں اتارا ہے جبکہ BJP نے بنٹی ویویک ساہو کو ٹکٹ دیا ہے۔ اِس کے علاوہ بہوجن سماج پارٹی، راشٹریہ گونڈوانہ پارٹی، گونڈوانہ Gantaran پارٹی، ری پبلک پارٹی آف انڈیا اور سات آزاد امیدوار بھی چناؤ میدان میں ہیں۔ چھندواڑہ لوک سبھا حلقہ سات آسمبلی سیٹوں پر مشتمل ہے۔ چھندواڑہ میں رائے دہندگان کی تعداد تقریباً 16 لاکھ 28 ہزار ہے۔ درحقیقت پچھلے 44 برسوں میں لوک سبھا کے ایک ضمنی انتخاب کے علاوہ کانگریس یا کمل ناتھ اس سیٹ پر غالب رہے ہیں۔ پچھلے لوک سبھا انتخابات میں بھی BJP نے چھندواڑہ کے علاوہ ریاست میں 29 سیٹوں میں سے 28 پر کامیابی حاصل کی تھی۔ لہٰذا اس بار بھی چھندواڑہ BJP کیلیے سب سے اہم ترجیح بن گئی ہے۔ BJP کو مشن 400 پار کیلیے مدھیہ پردیش میں سبھی 29 سیٹوں پر کامیابی کی امید ہے۔ بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

**ODISHA CONSTITUENCY**

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اہم حلقوں سے متعلق ہماری سریز میں آج ہم اڈیشہ کی سمبل پور سیٹ کی بات کریں گے۔ یہاں لوک سبھا کی 21 اور 147 آسمبلی سیٹوں کیلئے چار مرحلوں میں ایک ساتھ ووٹ ڈالے جائیں گے، جس کا سلسلہ 13 مئی سے شروع ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Tapan Maharana

اڈیشہ کے سمبل پور لوک سبھا حلقے سے بیجو جنتادل کی جانب سے پارٹی کے سکریٹری اور جاج پور سے موجودہ رکن آسمبلی پرنب پرکاش داس کو مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے خلاف چناوی میدان

میں اتارے جانے کے بعد مقابلہ دلچسپ ہونے والا ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ دونوں ہی پارٹیوں کیلیئے دونوں ہی امیدوار انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ سمبل پور لوک سبھا سیٹ منفرد حثییت رکھتی ہے اور کوئی بھی پارٹی یہاں مضبوطی کا دعویٰ نہیں کرسکتی۔ 2009، 2014 اور 2019 میں سمبل پور کے رائے دہندگان نے لوک سبھا انتخابات میں کانگریس، BJD اور BJP کے امیدواروں کے حق میں ووٹ دیئے تھے۔ ان انتخابات میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے ووٹوں کا فرق 9 سے 30 ہزار تک تھا۔ کانگریس نے سمبل پور سیٹ سے ابھی اپنے لوک سبھا امیدوار کے نام کا اعلان نہیں کیا ہے۔ 2019 میں BJD نے 7 اسمبلی سیٹوں میں سے 4 پر کامیابی حاصل کی تھی۔ سمبل پور سیٹ پر چھٹے مرحلے کے تحت 25 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

کٹک سے تپن مہارانا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں ......

## PUNJAB FLAG MARCH

لوک سبھا انتخابات 2024 سے قبل عام لوگوں کے مابین سلامتی کا احساس قائم کرنے کے لیے پنجاب پولیس نے مرکزی مسلح پولس فورسز CAPF کی ٹیموں کے ساتھ کُل ریاست کے سبھی حساس علاقوں میں فلیگ مارچ کیا۔ ریاست میں عام انتخابات کے لیے پولنگ پہلی جون کو آخری مرحلے کے تحت ہو گی۔

ایک رپورٹ۔ V/C Shishu Sharma Shantal

پولیس کے کمشنر اور SPPs کی قیادت میں پولیس ٹیموں نے اُن کی حدود میں آنے والی سبھی 28 ضلعوں میں ایک ساتھ فلیگ مارچ کیا۔ اِس مشق کا مقصد پولیس اہلکاروں کی کسی نامناسب صورتحال سے نمٹنے کی تیاری کے علاوہ عام لوگوں کے مابین اعتماد کو فروغ دینا ہے۔ ریاست کے 57 مستقل ، 149 عارضی، اور 11 ہائی ٹیک ناکوں سمیت سبھی ناکوں پر سیکیورٹی سخت کردی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مرکزی مسلح پولیس فورسز CAPF کی 25 کمپنیوں کو حساس اور نہایت حساس علاقوں پر نظر رکھنے کے لیے سبھی غیر محفوظ ضلعوں میں تعینات کیا گیا ہے۔

جالندھر سے شیشو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**CJI-CBI DAY**

بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے فوجداری سے متعلق عدالتی نظام میں تبدیلی کیلئے ٹیکنالوجی کے رول کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ کل CBI کے دن کے موقع پر 20 واں ڈی پی کوہلی یادگاری لیکچر دیتے ہوئے جسٹس چندر چوڑ نے نئے دور کے جرائم سے متعلق نیٹ ورک سے مؤثر طور پر نمٹنے کیلئے نئی ٹیکنالوجی سے مدد لئے جانے کی وکالت کی۔ انہوں نے کہا کہ CBI کے کام کاج کی پیچیدگی کو تسلیم کرنا اور تاخیر سے بچنے کیلئے ٹیکنالوجی کی مدد لینا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے تیز اور منصفانہ سماعت میں مدد ملے گی۔ جسٹس چندر چوڑ نے کہا کہ ڈیجیٹل تبدیلی کے دور میں جرم کا پتہ لگانے میں قانون اور ٹیکنالوجی کا ایک دوسرے پر انحصار کرنا لازمی ہے۔ **Byte: CJI Dy**

اس موقع پر بھارت کے چیف جسٹس نے غیر معمولی خدمات کیلئے صدر کے پولیس میڈلس اور CBI کے قابل افسران کو پولیس میڈلس بھی پیش کئے۔ بھارت سرکار کی پہلی اپریل 1963 کی قرار داد کے تحت مرکزی جانچ بیورو CBI کا قیام عمل میں آیا تھا، جس کا مقصد نہ صرف رشوت خوری اور بدعنوانی کے معاملات کی تحقیقات کرنا ہے، بلکہ سنگین جرائم کے ساتھ ساتھ مالی امور سے متعلق مرکزی قوانین کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کرنا بھی ہے۔×

**PM-COAL**

کوئلے کے محکمے کے وزیر پرہلاد جوشی نے کل بتایا کہ پہلی بار کوئلے اور لگنائٹ کی پیداوار ایک ارب ٹن سے تجاوز کر گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی حمایت کی وجہ سے صلاحیت بڑھی ہے اور پچھلے 10 برسوں میں کوئلے اور لگنائٹ کی پیداوار میں 70 فیصد کا اضافہ ہوا۔

جناب جوشی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں وکست بھارت کی امنگوں کی عکاسی کیلئے کوئلے کی کانکنی کے شعبے میں تبدیلی آرہی ہے۔ انہوں نے اس اہم سنگ میل کو عبور کرنے پر تمام فریقوں کو مبارک باد دی۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کوئلے اور لگنائٹ کی ایک ارب ٹن سے زیادہ کی پیداوار بھارت کیلئے ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ اس سے کوئلے کے سیکٹر کو توانائی سے بھر پور بنانے کے حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک شاندار کارنامہ ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ اہم شعبے آتم نربھرتا کی سمت بھارت کی راہ کو بھی یقینی بناتا ہے۔×

**IMD WEATHER**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ اگلے سات روز کے دوران مغربی ہمالیائی خطے میں دور دور تک اور کہیں کہیں ہلکی سے اوسط بارش اور برفباری اور اس مہینے کی پانچ تاریخ تک شمال مغربی بھارت کے متصل میدانی علاقوں میں دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کا بھی امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے مدھیہ پردیش، ویدربھ، شمالی داخلی کرناٹک اور تلنگانہ میں اگلے تین روز کے دوران شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔اس سے پہلے ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر کرن رنجیجو نے کہا کہ ملک میں اگلے دو سے ڈھائی مہینے کے دوران شدید گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ انھوں نے شدید گرمی کی پیش گوئی کے تناظر میں آئندہ انتخابات کے پیش نظر متعلقہ فریقوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی ہے۔

**HAI GUYANA**

ہندوستان ایرونوٹکس لمیٹڈ نے Guyana دفاعی فورس کو دو 228 Dornier طیارے دیے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں Guyana کے صدر عرفان علی نے کہا کہ یہ طیارے دو Boeing C-17 Globemaster فوجی ٹرانسپورٹ طیاروں پر سوار ہوکر کل شال Cheddi Jaganبین الاقوامی ہوائی اڈے پہنچے ہیں۔ MEA کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا ہے کہ بھارت Guyana باہمی تعلقات میں یہ ایک نیا باب ہے۔ x

**RAJNATH DEFENCE EXPORT**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ 2023-24 میں پہلی مرتبہ ملک کی دفاعی برآمدات 21 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی ہے۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ دفاعی برآمدات میں، گذشتہ مالی برس کے مقابلے میں، 32 فیصد سے زیادہ کا نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت دفاع نے بھارت کی دفاعی مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں اضافہ کرنے کے لیے بہت سے اقدامات کیے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نجی شعبے اور دفاعی سرکاری شعبے کی کمپنیوں سمیت ملک کی دفاعی صنعتوں نے حالیہ برسوں میں قابل تعریف کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔x

**IPL CRICKET - RESULT**

IPL کرکٹ میں کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے ممبئی انڈینس کو چھ وکٹ سے ہرادیا۔ راجستھان نے 15 اعشاریہ تین اوورس میں چار وکٹ کے نقصان پر 126 رن کا نشانہ حاصل کرلیا۔ راجستھان کیلئے Riyan Parag نے 39 گیندوں پر 54 رن بنائے، اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔

آج بینگلورو میں رائل چیلنجرز بینگلور کا مقابلہ شام ساڑھے سات بجے لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔x

**TABLE TENNIS**

ٹیبل ٹینس میں، بھارت کے **Manav Thakkar** اور **Manush Shah** کی اعلیٰ سیڈ کی مردوں کے ڈبلز کے جوڑی سلووینیا میں **WTT Feeder Otocec** میں دوسرے نمبر پر رہی۔ بھارتی کھلاڑیوں کو فائنل میں جنوبی کوریا کی **Kim Minhyeok** اور **Park Ganghyeon** کی جوڑی نے دو۔تین سے شکست دی۔x

**RAJASTHAN GAGAN SHAKTI**

بھارتی فضائی فورس جیسلمیر ضلعے میں پوکھرن فیلڈ فائرنگ رینج سے اپنی سب سے بڑی مشق گگن شکتی منعقد کر رہی ہے۔ یہ مشق جو کل شروع ہوئی ہے، دس اپریل تک جاری رہے گی۔ ان مشقوں میں سبھی بڑے جنگی طیارے اور فضائی فورس کے جدید ہیلی کاپٹرز حملہ کرنے کی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔

**J&K HOLIDAYSON POLL**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر میں حکومت نے پانچ پارلیمانی حلقوں میں پولنگ کے دنوں میں سرکاری چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق حکومت نے عوامی نمائندگی کے ایکٹ **1951** کی دفعہ **135-B** کے تحت پانچ دنوں کی چھٹی کو نوٹیفائی کیا ہے۔حکم نامے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پولنگ کے دن تمام اہل ووٹر، جو کہ کسی بھی کاروباری، تجارتی،صنعتی انڈر ٹیکنگ یا کسی دیگر ادارے میں ملازمت کررہے ہیں،تنخواہ کے ساتھ چھٹی ملے گی۔

حکم نامے میں مزید کہا گیا ہے کہ یومیہ اجرت پر کام کرنے والے اور **Casual** ورکرز بھی پولنگ کے دن چھٹی اور اجرت کیلئے مجاز ہوں گے۔حکم نامے کے مطابق اودھم پور پارلیمانی حلقے میں **19** اپریل کو پولنگ کے دن چھٹی رہے گی۔ اسی طرح اننت ناگ- راجوری پارلیمانی حلقے میں **13** مئی کو جبکہ بارہمولہ پارلیمانی حلقے میں پولنگ کے دن **20** مئی کو چھٹی رہے گی۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: **news on air.com slash urdu** پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شبانہ رحمان

شکریہ - ارجمندعلی خان

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے ریزرو بینک آف انڈیا کے **90** ویں یوم تاسیس کی

تقریب سے وزیراعظم کے خطاب کو بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔ روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: RBI کے 90 سال مکمل، بینکنگ نظام میں تبدیلی کی وزیراعظم مودی نے تعریف کی۔

انھوں نے کہا کہ فیصلے درست ہوتے ہیں تو پالیسیاں صحیح پھل دیتی ہیں۔ ہندوستان ایکسپریس نے جناب مودی کے اس بیان کو پیش کیا ہے کہ ملک کا نظام 10 برسوں میں مضبوط اور پائیدار بن گیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو خصوصیت دی ہے کہ بھارت کی دفاعی برآمدات پہلی بار 21 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئیں ہیں۔ روزنامہ پرتاپ، ہندوستان ایکسپریس اور کئی اخباروں میں یہ خبر بھی نمایاں ہے کہ شیفالی شرن بنیں، پی آئی بی کی پرنسپل ڈائریکٹر جنرل۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے بین الاقوامی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں ہیں:

- ☆ روس میں سونے کی کان میں پھنسے 13 مزدور ہلاک
- ☆ غزہ میں اب تک 600 اسرائیلی فوجی ہلاک
- ☆ توشہ خانہ کیس میں عمران خاں اور بشرا بی بی کی سزا معطل رہا کرنے کا حکم۔
- ☆ ہمارے جنگی جہاز بحیرۂ احمر میں تجارتی بحری جہازوں کے ساتھ: امریکہ کا بیان

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ جب تک سرحد پر کشیدگی برقرار ہے، اُس وقت تک پاکستان کے ساتھ تجارت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔
2. BJP کے اعلیٰ رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج اتراکھنڈ اور راجستھان میں انتخابی ریلیاں کریں گے۔
3. بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے فوجداری سے متعلق عدالتی نظام میں تبدیلی کیلئے ٹیکنالوجی کے رول کی اہمیت پر زور دیا ہے۔
4. بھارت میں 2023-24 کے مالی سال میں کوئلے اور لگنائٹ کی پیداوار ایک اَرب ٹن سے زیادہ رہی، جو اب تک کی سب سے زیادہ پیداوار ہے۔
5. اور IPL کرکٹ میں : ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے ممبئی انڈینس کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---